شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

31جولائی2023ء

پریس ریلیز

باجوڑ میں جے یو آئی ورکرز کنونشن میں خودکش حملہ

بدترین دہشت گردی ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): باجوڑ میں جے یو آئی ورکرز کنونشن میں خود کش حملہ بدترین دہشت گردی ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے باجوڑ میں جے یو آئی ورکرز کنونشن میں خود کش حملہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہی جس میں 44افراد شہید اور 200 سے زائد زخمی ہو گئے۔ اُنہوں نے کہا کہ ایک طویل عرصہ تک امریکہ کے فرنٹ لائن اتحادی بنے رہنے کی وجہ سے پاکستان کو تقریباً دو دہائیوں تک بدترین دہشت گردی کا سامنا رہا اور بڑی تگ و دو اور قربانیوں کے بعد دہشتگردی کے عفریت پر قابو پایا گیا تھا۔ فخریہ انداز میں کہا گیا تھا کہ پاکستان سے دہشت گردی کے ناسور کا قلع قمع کر دیا گیا ہے۔ سوال یہ ہے کہ اس فتنہ نے ملک کے طول و عرض میں اتنی شدت کے ساتھ دوبارہ کیوں سر اُٹھالیا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ عوام الناس، سیاسی جماعتوں، مذہبی رہنماؤں اور سیکورٹی اہلکاروں کو نشانہ بنانے والے درحقیقت صرف پاکستان ہی نہیں، انسانیت کے دشمن ہیں۔ دہشت گردی کی اس نئی انتہائی خطرناک لہر میں ملوث مجرم اور اُن کے بیرونی سہولت کار اور پشتی بان درحقیقت پاکستان کے امن و امان کو تاراج کرنے کے منصوبہ پر عمل کر رہے ہیں۔ اُنہوں نے سوال اُٹھایا کہ سیکورٹی کے حوالے سے اتنی بڑی غفلت کیسے ہو گئی کہ بارود سے لیس خود کش حملہ آور سینکڑوں افراد کے اجتماع میں بلا روک ٹوک داخل ہو گیا۔ حکومتِ پاکستان فوری طور پر دہشت گردی کی اس وحشیانہ واردات میں ملوث تمام مجرموں اور اُن کے اندرونی و بیرونی سہولت کاروں کو بے نقاب کرے اور مجرموں کو کیفرِ کردار تک پہنچائے۔ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ ماضی میں بھی امریکہ اور بھارت کی پشت پناہی سے دہشت گرد گروہ پاکستان کو نقصان پہنچاتے رہے ہیں۔ آخر میں اُنہوں نے شہداء کی بخشش اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 31 July 2023

"The suicide attack on the workers convention of JUI in Bajaur is the worst kind of terrorism."

Lahore (PR): "The suicide attack on the workers convention of JUI in Bajaur is the worst kind of terrorism."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, while vehemently condemning the suicide attack on the workers convention of JUI in Bajaur, in which at least 45 people have been martyred and more than 200 injured. The Ameer noted that almost two decades of terrorism that had engulfed the country following the decision by Pakistan to become a front-line ally of USA post 9-11 had been overcome after tremendous effort and great sacrifice. It was said with great pride that the menace of terrorism had been eradicated. Yet the question remains that why has the evil of terrorism started across the country again. Those who are targeting civilians, political parties, religious scholars and the law enforcement agencies are, in fact, the enemies of the entire humanity, not just Pakistan. The criminals, and their foreign sponsors, behind this treacherous new wave of terrorism are, in truth, executing the plan to destroy the peace, stability and security of Pakistan. The Ameer questioned that how come the suicide bomber was able to fool the security by entering unchecked into the convention where hundreds of Muslims were present. He said that it is the responsibility of the government to bring to uncover all domestic and foreign sponsors of the suicide bomber and bring the culprits to justice. We must not forget that terrorist organizations connected to USA and India had caused significant damage to Pakistan in the past. The Ameer concluded by supplicating that may Allah (SWT) grant the deceased lofty ranks in paradise and swift recovery to those injured. Ameen!

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan